Health Insurance Marketplace

# اپنی ہیلتھ انشورنس مارکیٹ پلیس کوریج کے لیے درخواست دینے یا دوبارہ اندراج کے لیے تیار ہو جائیں۔

مارکیٹ پلیس کوریج کے لیے دوبارہ اندراج کے لیے اپلائی کرنے کے لیے، ملاحظہ کریں HealthCare.gov یا مارکیٹ پلیس کال سنٹر کو کال کریں 1-800-318-2596. TTY صارفین 1-855-889-4325 پر کال کر سکتے ہیں۔

اپنی درخواست شروع کرنے سے پہلے یہ معلومات تیار رکھیں۔ اس سے آپ کو تیزی سے اپنی درخواست بھرنے میں مدد ملے گی۔

| مجھے کیا چاہیے؟ | مجھے یہ کیوں چاہیے؟ | کیا یہ تیار ہے؟ |
|---|---|---|
| **آپ کی معلومات** | آپ کی مارکیٹ پلیس درخواست میں آپ کی کچھ بنیادی معلومات پوچھی جائے گی، جیسے آپ کا نام اور آپ کی تاریخ پیدائش۔ | ☐ |
| **آپکے گھرانے کے بارے میں معلومات** | آپ کی مارکیٹ پلیس کی درخواست میں آپ سے گھرانے کے ہر شخص کے بارے میں پوچھا جائے گا، حتیٰ کہ وہ بھی جو کوریج کی درخواست نہیں دے رہے۔<br>مارکیٹ پلیس کے لیے، عام طورپرآپ کے گھر کے وہ افراد شامل ہوتے ہیں جو ٹیکس فائلر ہوں اور ان کے انڈیپنڈیٹ ٹیکس ہوں، لیکن چھوٹ ہو۔ بعض اوقات اس میں وہ لوگ شامل ہوتے ہیں جن کے ساتھ آپ رہتے ہیں جو آپ کے ٹیکس گھرانے میں نہیں ہیں۔<br>اپنی درخواست میں خود کو شامل کریں۔ جیسے ہی آپ اپنی درخواست پُر کرتے ہیں، آپ سے درج ذیل لوگوں کے بارے میں سوالات پوچھے جا سکتے ہیں:<br>▪ آپ کی شریک حیات<br>▪ آپ کے بچے جو آپکے ساتھ رہتے ہیں، چاہے وہ ٹیکس ریٹرن خود ادا کرنے ے لیے اچھا کما رہے ہوں<br>▪ کوئی بھی جسے آپ اپنی ٹیکس ریٹرن میں بطور انحصار شامل کرتے ہیں، چاہے وہ آپ کے ساتھ نہ بھی رہے۔<br>▪ 21 سال سے کم عمر کوئی اور جس کی آپ دیکھ بھال کرتے ہیں اور جو آپ کے ساتھ رہتا ہے۔<br>▪ آپ کا غیر شادی شدہ پارٹنر، صرف اس صورت میں جب ان میں سے ایک یا دونوں لاگو ہوں:<br>• وہ ٹیکس کے مقاصد کے لیے آپ پر منحصر ہیں۔<br>• وہ آپ کے بچوں کے والدین ہوں<br>مزید معلومات کے لیے، ملاحظہ کریں HealthCare.gov/income-and-household-information/household-size یا مارکیٹ پلیس کال سنٹر کو کال کریں۔ | ☐ |
| **کوریج کے لیے درخواست دینے والے ہر فرد کے گھر اور/یا ڈاک کے ایڈریس** | پ کہاں رہتے ہیں اس پر اثر انداز ہو سکتا ہے کہ آپ کس ہیلتھ کوریج کے اہل ہیں۔<br>آپ درخواست کے آغاز میں اپنی ریاست کا انتخاب کریں گے۔ آپ یہ بتانے کے لیے اپنے گھر کا پتہ درج کریں گے کہ کیا آپ اس ریاست کے رہائشی ہیں جہاں آپ کوریج تلاش کر رہے ہیں۔<br>آپ سے آپ کا میلنگ ایڈریس پوچھا جائے گا۔ عام طورپر یہ وہی ایڈریس ہوتا ہے جو آپ کے گھر کا ایڈریس ہوتا ہے۔ اگر ایسا نہیں ہے، اس ریاست کا ایڈریس فراہم کریں جہاں آپ رہتے ہیں۔<br>اگر آپ کی درخواست پر کسی کے پاس گھر یا میلنگ کا پتہ مختلف ہے، تو آپ کے پاس بھی ہونا ضروری ہوگا۔ | ☐ |
| **کوریج کے لیے درخواست دینے والے ہر فرد کے بارے میں معلومات** | آپ کی مارکیٹ پلیس ایپلی کیشن آپ سے کوریج کے لیے درخواست دینے والے ہر فرد کے بارے میں کچھ بنیادی معلومات طلب کرے گی، بشمول ان کا آپ سے تعلق۔ | ☐ |

| بمجھے کیا چاہیے؟ | مجھے یہ کیوں چاہیے؟ | کیا یہ تیار ہے؟ |
|---|---|---|
| **آپ کےی درخواست میں تمام لوگوں کے لیے سوشل سیکورٹی نمبرز(SSNs)** | آآپ کی مارکیٹ پلیس کی درخواست آپ سے ہر فرد کے 9 ہندسوں کا SSN مانگے گی، یہاں تک کہ وہ بھی جو کوریج کے لیے درخواست نہیں دے رہے ہیں۔ درخواست کے آغاز میں آپ کے اجازت دینے کے بعد مارکیٹ پلیس سوشل سکیورٹی سے SSNs کی تصدیق کرے گا۔ اگر آپ SSN درج نہیں کرتے ہیں، تو آپ کو بعد میں مزید معلومات فراہم کرنے کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔ | ☐ |
| **آپ کو درخواست دینے میں مدد کرنے والے پیشہ ور کے بارے میں معلومات، اگر کوئی ہے۔** | پ کو درخواست دینے میں مدد کرنے والے پیشہ ور کے بارے میں معلومات، اگر کوئی ہے۔ ان پیشہ ور افراد میں شامل ہیں: نیویگیٹرز، تصدیق شدہ درخواست کے مشیر، ذاتی طور پر امدادی اہلکار، ایجنٹس، اور بروکرز۔ | ☐ |
| **امیگریشن دستاویز کی معلومات (یہ صرف قانونی طور پر موجود تارکین وطن پر لاگو ہوتا ہے)** | اگر آپ کی درخواست پر کوئی بھی شخص جسے کوریج کی ضرورت ہے وہ قانونی طور پر موجود تارکین وطن ہے، آپ سے ان کے امیگریشن دستاویزات سے معلومات فراہم کرنے کو کہا جائے گا۔ | ☐ |
| **اس بارے میں معلومات کہ آپ فائل کیسے کریں گے۔** | اگر آپ فیڈرل انکم ٹیکس جمع کراتے ہیں اور شادی شدہ ہیں، تو مارکیٹ پلیس کو یہ جاننے کی ضرورت ہے کہ آیا آپ الگ سے فائل کرتے ہیں یا مشترکہ طور پر۔ آپ سے یہ بھی پوچھا جائے گا کہ آپ ٹیکس پر منحصر کے طور پر کس کا دعوٰی کرتے ہیں۔ | ☐ |
| **آپ کے گھر کے ہر فرد کے لیے آجر اور آمدنی کی معلومات** | پ کی مارکیٹ پلیس درخواست میں آپ کے گھر کے افراد کے بارے میں پوچھا جائے گا، ان کے بارے میں بھی جو اس کوریج کے لیے اپلائی نہیں کر رہے۔<br>مارکیٹ پلیس ان کو آمدنی کے طور پر شمار کرتا ہے:<br>■ اجرت اور تنخواہیں، جیسا کہ آپ کے W-2 فارم اور پے اسٹبس پر بتایا گیا ہے۔<br>■ ٹپس<br>■ کسی ذاتی نوکری یا بزنس سے نیٹ انکم<br>■ بے روزگاری کا وظیفہ<br>■ سوشل سیکورٹی ادئیگیاں، بشمول معذوری کی ادائیگی (لیکن سپلیمنٹری نہیں سوشل انکم (SSI))<br>■ یکم جنوری 2019 سے پہلے طلاقوں اور علیحدگیوں کے لیے رقم کو حتمی شکل دی گئی۔<br>■ ریٹائرمنٹ یا پنشن کی آمدنی، بشمول زیادہ تر IRA یا 401k کی واپسی<br>■ سرمایہ کاری کی آمدنی، جیسے منافع یا سود<br>■ کرائے کی آمدن<br>■ دیگر قابل ٹیکس آمدنی<br>آمدنی اور آمدنی کے ذرائع کے بارے میں مزید جاننے کے لیے، وزٹ کریں HealthCare.gov/income-and-household-information/income. | ☐ |
| **آپ کی گھریلو آمدنی کا آپ کا بہترین اندازہ** | آپ کی مارکیٹ پلیس کی درخواست آپ سے اندازہ لگانے کے لیے کہہ سکتی ہے کہ جس سال آپ کوریج کے لیے درخواست دے رہے ہیں اس سال آپ کے گھر کی آمدنی کیا ہوگی۔<br>اگر آپ کو یقین نہیں ہے، تو اپنا بہترین اندازہ کافی ہے۔ اگر آپ کی آمدنی بدل جاتی ہے، یا آپ کے اندازے سے مختلف ہے، تو آپ کو بعد میں اس معلومات کو اپ ڈیٹ کرنے کی ضرورت ہوگی۔ مزید معلومات کے لیے وزٹ کریں HealthCare.gov/reporting-changes/why-report-changes.<br>گھر کی آمنی کیلکولیٹ کرنے کے لیے، وزٹ کریں HealthCare.gov/income-calculator. | ☐ |

| بمجھے کیا چاہیے؟ | مجھے یہ کیوں چاہیے؟ | کیا یہ تیار ہے؟ |
| --- | --- | --- |
| **صحت کی موجودہ کوریج کی معلومات** | آپ کی مارکیٹ پلیس کی درخواست میں پوچھا جائے گا کہ آیا آپ کے گھرانے کا کوئی فرد اس وقت کوئی ہیلتھ انشورنس رکھتا ہے، بشمول میڈک ایڈ، بچوں کی ہیلتھ انشورنس کا پروگرام (CHIP)، میڈی کیئر، TRICARE ، VA نگہداشت صحت کا پروگرام، پیس کارپس، COBRA، ریٹائری انشورنس یا انفرادی انشورنس (بشمول مارکیٹ پلیس کوریج) یا کسی ایمپلائر کے ذریعے کوریج۔<br>اگر ابھی کسی نے کوریج کروائی ہوئی ہے تو آپ کو ان کے پالیسی نمبر درج کرنے کی ضرورت ہو گی۔ آپ یہ معلومات ان کے انشورنس کارڈ یا ان دستاویزات پر حاصل کر سکتے ہیں جو وہ اپنے پلان سے حاصل کرتے ہیں۔ | ☐ |
| **آپ کے گھر کے ہر فرد کے لیے ایمپلائر کی معلومات** | آپ کی مارکیٹ پلیس کی درخواست میں آپ سے ایسے ملازمت پر مبنی پلان کے بارے میں معلومات طلب کی جائیں گی جس کے لئے آپ یا آپ کے گھرانے کا کوئی فرد اہل ہو۔ اس میں آپ سے آپ کے گھرانے کے ہر ملازمت کرنے والے شخص کے ایمپلائر سے رابطے کی معلومات طلب کی جائیں گی۔ آپ یہ معلومات جمع کرنے میں مدد کے لئے healthcare.gov/downloads/employer-coverage-tool.pdf پر ایمپلائر کوریج ٹول استعمال کر سکتے ہیں۔ آپ کو فیملی کے ہر اس شخص کے لئے یہ ورک شیٹ بھرنی چاہیے جو ملازمت کے ذریعے روایتی ہیلتھ کوریج کا اہل ہو، خواہ وہ شخص ملازمت پر مبنی پلان کا حامل نہ ہو یا مارکیٹ پلیس کوریج کی درخواست نہ دے رہا ہو۔ | ☐ |
| **ہیلتھ ری ایمبرسمنٹ ارینجمنٹ (HRA) نوٹس (یہ صرف اس صورت میں لاگو ہوتا ہے جب آپ کے گھر کے کسی فرد کو ان کے ایمپلائرکے ذریعے HRA کی آفرکی جاتی ہے)** | اگر کوئی ایسے کاروبار کے لیے کام کرتا ہے جو صحت کے منصوبے یا صحت کی دیکھ بھال کے اخراجات کے لیے انفرادی کوریج HRA یا اہل چھوٹے آجر HRA کے ذریعے ادائیگی میں مدد فراہم کرتا ہے، تو اپنی مارکیٹ پلیس کی درخواست کو مکمل کرنے کے لیے ایمپلائرکے نوٹس کا استعمال کریں۔ وزٹ کریں HealthCare.gov/job-based-help. | ☐ |

آپ کو مارکیٹ پلیس کی معلومات قابل رسائی فارمیٹ میں حاصل کرنے کا حق ہے، جیسے بڑے پرنٹ، بریل، یا آڈیو۔
آپ کو ایسی صورت میں شکایت کرنے کا بھی حق ہے اگر آپ کو لگتا ہے کہ آپ کے خلاف امتیازی سلوک کیا گیا ہے۔

مزید معلومات کے لیے **CMS.gov/about-cms/agency-information/aboutwebsite/CMSNondiscriminationnotice**
ملاحظہ کریں،یا مار کیٹ پلیس کال سینٹر کو 1-800-318-2596 پر کال کریں۔ TTY صارفین 1-855-889-4325 پر کال کرسکتے ہیں۔

HealthCare.gov

**Health Insurance Marketplace**
CMS Product No. 11896-UR (Urdu)
August 2023
This product was produced at U.S. taxpayer expense.

Health Insurance Marketplace® is a registered service mark of the U.S. Department of Health & Human Services.